·EDINBVRGH·
THE CITY OF EDINBURGH COUNCIL

Date 26 November 2021

ڈیئر والدین اور دیکھ بھال کرنے والے،

ہم آپ کے علاقے میں بچوں کی سروسز کو بہتر بنانا چاہتے ہیں۔ اِس سلسلے میں ہم سکولوں سے کہہ رہے ہیں کہ وہ ہیلتھ اینڈ ویل بیئنگ سنسس 2021-22 میں حصہ لیں جو پرائمری 5 (P5) سے لے کر سیکنڈری 6 (S6) کے تمام بچوں سے اُن کی زندگیوں اور صحت مندی کے بارے میں پوچھتا ہے۔

آپ کے بچے سے کہا جائے گا کہ وہ کلاس میں ایک آن لائن سوالنامے کو مکمل کریں۔ ایک فریکوئنٹلی آسکڈ کوئیسچنز' (اکثر پوچھے جانے والے سوالات) بھی دستیاب ہے جو آپ کو مزید معلومات اور رابطے کی تفصیلات فراہم کرتا ہے اگر آپ مزید جاننا چاہتے ہیں۔ وہ یہ وضاحت کرتے ہیں کہ کیا کیا جائے اگر آپ نہیں چاہتے کہ آپ کا بچہ اس میں حصہ لے۔ آپ کے بچے کو سروے کے بارے میں ایک لیفلٹ (معلوماتی پرچہ) بھی دیا جائے گا۔

اِن نتائج کو بچوں کی صحت اور صحتمندی کی ضروریات کو سمجھنے کیلئے استعمال کیا جائے گا۔ اِس سے بچوں کی سروسز کے بارے میں منصوبہ بندی کرنے اور فراہمی کے کام کو بہتر بنانے میں مدد ملے گی جیسے کہ تعلیم، صحت اور رضاکار تنظیمیں۔ اِن نتائج میں بچوں کے جوابات کو انفرادی طور پر ظاہر نہیں کیا جائے گا یا ان نتائج سے کسی ایک بچے کی شناخت نہیں ہوگی۔

آپ کے بچے کی جانب سے دیئے گئے جوابات کو اُن دیگر معلومات کے ساتھ جوڑا جائے گا جو آپ کے بچے کے بارے میں پہلے ہی موجود ہیں۔ مثال کے طور پر وہ معلومات جو مقامی انتظامیہ کے پاس پہلے ہی موجود ہیں (جیسے کہ آپ کے بچے کی جنس، نسلی پس منظر، وہ علاقہ جہاں وہ رہتے ہیں)۔ تاہم یہ صرف شماریاتی اور اور تحقیقی مقاصد کیلئے ہوگا اور اس بات کو یقینی بنایا جائے گا کہ آپ کے بچے کی شناخت نہ ہو۔ برائے مہربانی مزید معلومات کیلئے فریکوئنٹلی آسکڈ کوئیسچنز کو دیکھیں۔

آپ کے بچے کو اپنا نام دینے کیلئے نہیں کہا جائے گا۔ تاہم آپ کے بچے سے کہا جائے گا کہ وہ اپنا سکاٹش کینڈیڈیٹ نمبر (SCN) ڈالے، کیونکہ اِس سے شماریاتی تجزیہ کرنے میں مدد ملے گی۔ آپ کے بچے کے نام کو آپ کے بچے کے جوابات کے ساتھ نہیں جوڑا جائے گا۔ اسلئے براہ راست کوئی ایسا تعلق نہیں ہوگا کہ بچے کے جوابات کی وجہ سے اس کی شناخت ہو سکے۔

کسی شخص کو اس بات کی اجازت نہیں ہوگی کہ وہ ان معلومات کو استعمال کر کے اُن بچوں کو ڈھونڈے جنہیں مدد کی ضرورت ہو سکتی ہو۔ تاہم، اگر ڈیٹا کا تجزیہ کرتے ہوئے، آپ کی مقامی انتظامیہ میں موجود تجزیہ کار کوئی ایسی بات دیکھتے ہیں جو اُن کیلئے تشویش کا باعث ہو، تو انہیں ایسے بچوں کی مدد کرنے کیلئے کچھ کرنے کی ضرورت ہو سکتی ہے۔ صرف اِس صورت میں ایسا ہوگا کہ ایک الگ ڈیٹا میں سے بچوں کی شناخت کو ڈھونڈا جائے گا جس میں بچوں کے نام اور ان کے سکاٹش کینڈیڈیٹ نمبر شامل ہوتے ہیں، جن تک مقامی انتظامیہ کی رسائی ہوتی ہے۔ ایسا صرف خاص حالات ہونے کی صورت میں ہوگا، اسلئے اِس بات کا بالکل امکان نہیں ہے کہ کسی شخص کو آپ کے بچے کی شناخت کرنے کی ضرورت پڑے گی۔

آپ کو کچھ بھی کرنے کی ضرورت نہیں ہے اگر آپ:

• اِس بات پر خوش ہیں کہ آپ کا بچہ اِس سروے میں حصہ لے اور اس کے جوابات کو شماریاتی اور تحقیقی مقاصد کی خاطر دیگر ڈیٹا کے ساتھ جوڑا جائے؛ اور

• اِس بات سے آگاہ ہیں کہ آپ کے بچے کی شناخت کو راز میں رکھا جائے گا، سوائے اُس صورت میں کہ جب کسی تشویش کی نشاندہی ہوتی ہے تو آپ کی مقامی انتظامیہ کو آپ کے بچے کی مدد کرنے کیلئے کوئی قدم اٹھانا پڑ سکتا ہے۔

تاہم اگر آپ چاہتے ہیں کہ آپ کا بچہ اِس سروے میں حصہ نہ لے تو برائے مہربانی ذیل میں موجود سلپ کو مکمل کر کے پھاڑ کر علیحدہ کریں اور اگلے دس دنوں کے اندر اپنے سکول کو واپس بھیج دیں۔

آپ کا بچہ بھی انتخاب کر سکتا ہے کہ وہ حصہ نہیں لینا چاہتا، اگر آپ یہ کہہ بھی دیں کہ وہ حصہ لے سکتا ہے۔

Education and Children's Services

Level 1.1 Waverley Court, 4 East Market Street, Edinburgh EH8 8BG

Tel 0131 469 3138 Email lorna.french@edinburgh.gov.uk

مزید معلومات ساتھ بھیجی جا رہی ہیں۔ آپ کو اس ویب سائٹ پر مزید معلومات مل سکتی ہیں:
https://www.edinburgh.gov.uk/healthandwellbeingcensus
اور سکاٹش گورنمنٹ کی ویب سائٹ:
https://www.gov.scot/publications/health-and-wellbeing-census-2/
بصورتِ دیگر آپ اپنے سکول سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

آپ کی مخلص

Lorna French
Acting Head of Schools and Lifelong Learning

(ہیلتھ اینڈ ویل بیئنگ سنسس)HEALTH AND WELLBEING CENSUS

میں نہیں چاہتا/چاہتی کہ ____________________________________(بچے کا نام لکھیں) ہیلتھ اینڈ ویل بیئنگ سنسس میں حصہ لے۔

دستخط____________________________ تاریخ______/_________/_______

نام____________________________________

بچے کے ساتھ رشتہ____________________________

بچے کا سکول میں ییئر گروپ:S6/S5/S4/S3/S2/S1/P7/P6/P5(برائے مہربانی ایک پر دائرہ بنائیں)